73296 ـ الراجحی بنك کے نیشنل پروگرام برائے خریداری سعودی حصص میں شراکت

سوال

راجحی بنك کے نیشنل پروگرام برائے خریداری سعودی حصص کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الراجحی بنك کی ویب سائٹ پر نیشنل ملکیتی پروگرام یا حصص کی قسطوں کے پروگرام کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ معلوم ہوا ہے کہ:

بنك حصص میں نفع پر کاروبار کرتا ہے، وہ اسطرح کہ کمپنی (یعنی بنك) کھاتہ دار کی خواہش کے مطابق حصص خرید کر پھر اس کھاتہ دار کو قسطوں میں فروخت کرتا ہے، اور کھاتہ دار کو حصص کی خریداری میں اختیار ہے وہ جس کی رغبت رکھے وہی حصص خرید کیے جائینگے جو وہ چاہے گا.

اس تعریفی بروشر میں جو کچھ لکھا گیا اس میں یہ بھی شامل ہے: ....

جو کھاتہ دار کو یہ فرصت مہیا کرتا ہے کہ وہ جس بھی کمپنی کے چاہے حصص کا مالك بن سکتا ہے، اور جتنے چاہے خرید سکتا ہے، اور پھر وہ ان حصص کی قیمت کو آسان قسطوں میں ادا کریگا "

یہ معلوم ہونا چاہیے کہ حصص میں کچھ تو بالکل صاف شفاف ہیں اور کچھ میں خلط ملط شدہ، اور یہ کمپنی (یعنی بنك) دونوں قسم کا لین دین کرتا ہے، اس جگہ ہم جس پر اعتماد کرتے ہیں وہ یہ کہ خلط ملط شدہ حصص کا لین دین حرام ہے.

اس بنا پر قسطوں میں حصص کی خریداری نیشنل پروگرام میں شامل ہونے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ کمپنیوں کے یہ حصص سود سے صاف شفاف ہوں، نہ کہ سود میں ملے ہوئے.

ڈاکٹر محمد بن سعود العصیمی خاص کر آپ کے سوال کے متعلق کہتے ہیں:

" راجحی بنك سے صاف شفاف ادھار پر حصص کی خریداری اس شرط پر کرنا کہ وہ نفع کے ساتھ بعد میں اس کی ادائیگی کریگا اس میں کوئی حرج نہیں "

والله اعلم .